

روزنامہ ورق تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताजा
15 Jan. 2025



# غور کرائے انسان نعمتوں کے بدلے مطالبہ کیا ہے!! اللہ کا شکر ادا کرنا ضروری ہے!

از: جاوید اختر بھارتی
javedbharti.blogspot.com

اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسانوں کو پیدا کیا اور بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے آئیے سب سے پہلے غور کریں کہ اللہ رب العالمین نے ہمیں دو پاؤں عطا کیا ہے،، دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں جن کے پاس پاؤں نہیں ہے، ایسے لوگ بھی ہیں جن کے پاس پاؤں ہے مگر چلنے کی طاقت نہیں ہے کیونکہ وہ معذور ہیں ان کے پاؤں میں چوٹ آئی اور وہ چلنے پھرنے سے مجبور ہوگئے، کچھ ایسے بھی ہیں جو پیدائشی مفلوج ہیں اب وہ کسی ایسے شخص کو دیکھتے ہوں گے کہ جن کے پاس پاؤں ہیں اور وہ خوب چل پھر رہے ہیں تو وہ کیسا محسوس کرتے ہوں گے لیکن اللہ نے ان کا مزاج ایسا بنادیا ہے کہ وہ شکوہ نہیں کرتے مگر یہاں اس کے لئے زیادہ سوچنے سمجھنے اور غور کرنے کا مقام ہے جس کے پاس پاؤں بھی ہے اور طاقت بھی ہے وہ چلتا پھرتا بھی ہے تجارت کے لئے قدم بڑھاتا ہے، اپنے دنیاوی مسائل کا حل تلاش کرنے کے لئے قدم بڑھاتا ہے، دنیاوی اغراض ومقاصد کے حصول کے لئے قدم بڑھاتا ہے مذکورہ زمرے میں قدم بڑھانا غلط نہیں ہے لیکن ہاں وہ راہ صداقت کے لئے قدم کبھی نہیں بڑھاتا ہے تو غلط ہے، حق کی تلاش کے لئے قدم نہیں بڑھاتا ہے تو غلط ہے، راہ خدا میں قدم نہیں بڑھاتا ہے تو غلط ہے اور اس بات پر اسے کبھی پچھتاوا نہیں ہوتا ہے تو مزید غلط ہے اور وہ اللہ کا ناشکرا ہے اسے یاد رکھنا چاہئے کہ جب سامنے ملک الموت حاضر ہوں گے تو روح پہلے پاؤں سے ہی نکالیں گے،، انسان کے جسم کا درمیانی حصہ کمر کہلاتا ہے جو جسمانی عمارت کا بہت مضبوط ستون ہوتا ہے کمر جب سیدھی رہتی ہے تو زندگی کے ہر ایام میں بڑی آسانی ہوتی ہے اور جب کمر جھک جاتی ہے تو ہاتھوں میں ڈنڈا لیکر چلنے میں بھی بیلنس برابر نہیں ہوتا اس وقت لکڑی اور چھڑی کو بھی یہ کہنے کا موقع مل جاتا ہے کہ جب ہوئی عمر ساٹھ برس جھکی کمر تو ہاتھ میں ڈنڈا لکڑی کا،، ارے کان سننے والے انساں دیکھ تماشہ لکڑی کا،، کمر ٹوٹ گئی یا بگڑ گئی تو دنیاوی امور میں بھی مشکلات پیدا ہوتی ہے اور عبادت کرنے میں بھی دشواری کا سامنا ہوتا ہے آج بہت سے لوگوں کو دیکھا جارہا ہے کہ وہ نماز پڑھتے ہیں مگر رکوع نہیں کرسکتے، سجدہ نہیں کرسکتے اور قعدہ و جلسہ نہیں کرسکتے کیونکہ کمر نے صحیح ڈھنگ سے کام کرنا بند کردیا ہے معلوم یہ ہوا کہ کمر بھی اللہ کی طرف سے بندے کے لئے بہت بڑی نعمت ہے،، اس کے بعد پیٹ ہے اور پیٹ میں انسانی جنکشن ہے،، گردہ ہے، آنتیں ہیں اور انسان پیٹ بھرنے کے لئے محنت مزدوری بھی کرتا ہے، دھوکا دھڑی بھی کرتا ہے، رشوت خوری کا راستہ بھی اختیار کرتا ہے، جھوٹ بول کر مال کی خرید وفروخت بھی کرتا ہے، شعبدہ بازی بھی کرتا ہے، خطرناک سے خطرناک کام بھی کرتا ہے، کبھی کبھی زندگی داؤ پر بھی لگا دیتا ہے اور گداگری بھی کر بیٹھتا ہے اور اب تو پیری مریدی کو بھی پیٹ بھرنے کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے لیکن پھر بھی انسان کا پیٹ نہیں بھرتا ہے،، ڈاکٹر وطبیب کہتے ہیں کہ پیٹ صحیح ہے تو انسان ہر بیماری سے محفوظ ہے ڈاکٹر کی بات انسان غور سے سنتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ بات درست ہے،، ائے حضرت انسان تجھے ڈاکٹر کی بات سمجھ میں آتی ہے تو رب کے قرآن اور نبی کے کا فرمان سمجھ میں کیوں نہیں آتا ہے کہ حلال کمایا کرو اور حلال کھایا کرو یاد رکھنا چاہئے کہ صرف شراب ہی پینا حرام نہیں ہے بلکہ حرام و ناجائز پیسے سے منرل فلٹر پانی خرید کر پینا بھی حرام ہے، ناجائز کمائی سے بکرے کا گوشت خریدنا اور کھانا بھی حرام ہے صاف لفظوں میں کہہ دیا گیا ہے کہ حرام کا ایک لقمہ بھی پیٹ میں ہوگا تو عبادت و دعا کرتے کرتے تیر کی طرح سیدھی تیری کمر کمان کی طرح ٹیڑھی بھی ہوجائے گی تو پھر بھی تیری دعا ایک بالشت سے اوپر نہیں جائے گی بلکہ تیرے منہ پر ماردی جائے گی،، دانتوں میں پھنسا ہوا دانہ کچھ ہی دیر میں خراب ہوکر پیٹ کو یہ نصیحت دیتا ہے اور سوال کرتا ہے کہ میں تو اپنے اندر پھنسا ہوا دانہ برداشت ہی نہیں کرپاتا مجھے اتنی الجھن ہوتی ہے کہ اس پھنسے ہوئے دانے کی شکل تک بدل جاتی ہے آخر تو اپنے اندر کیسے ہضم کرلیتا ہے،، انسان کو چاہئے کہ جب بھی کھائے تو حلال لقمہ کھائے اور اپنے کنبے کو کھلائے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ جب بھی کمائے تو حلال روزی کمائے تاکہ حلال روٹی تیار ہوسکے،، دونوں ہاتھ بھی اللہ کی نعمت ہیں کسی کمزور پر ہاتھ نہ اٹھایا جائے، رشوت لینے دینے کے لئے ہاتھ نہ بڑھایا جائے، ناجائز قبضہ کی غرض سے زمین کے کسی کاغذ پر دستخط نہ کیا جائے ورنہ ہاتھوں کے غلط استعمال سے ضمیر مردہ ہوسکتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ غریبوں مسکینوں اور یتیموں کے سروں پر دست شفقت پھیرا جائے یعنی راہ سخاوت میں ہاتھوں کو بلند کیا جائے اور دنیا وآخرت دونوں سنوارا جائے،، اب آئیے سینہ ہے تو پھیپھڑا ہے اسے بغض وعناد سے پاک رکھنا ضروری ہے اور دل کو حب نبی سے روشن رکھنا ضروری ہے غرضیکہ پورا سینہ دنیاوی خواہشات کا مرکز نہیں ہونا چاہئے بلکہ خدا کے خوف سے لرزنا چاہئے اور جس کے سینے میں خوف خدا سما گیا اس کی زندگی سنور گئی اور وہ کامیاب ہوگیا،، اللہ نے انسان کے جسم کو مکمل بنایا ہے اور ایسا سسٹم بنایا ہے کہ ضرورت کے اعتبار سے جسم کے تمام اعضا تک پانی وخون کا دورہ ہوتا ہے یہ اللہ کی ایسی نعمت ہے کہ موجودہ وقت کی جدید سائنس ٹیکنالوجی اور ماہرین اطباء اس کا بدل پیش کرنے سے قاصر ہیں،، اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہونٹ، ناک، کان اور دو آنکھوں سے سجا ہوا چہرہ عطا کیا پوری دنیا میں انسان ہیں تھوڑا بہت بھلے ہی شکل ملتی ہو مگر پھر بھی سب کے چہرے الگ الگ ہیں یہ اللہ رب العالمین کا ڈنکے کی چوٹ پر اعلان بھی ہے اور چیلنج بھی ہے کہ میرے خزانے میں کوئی کمی نہیں ہے اور اللہ کے اس چیلنج میں اتنی سچائی ہے کہ قدرت کے خزانے میں کمی ہوتی تو قدرت کا کارخانہ متأثر ہوجاتا یعنی رحم مادر میں بچہ کیسے زندہ رہ پاتا؟ اس لئے اسے تسلیم کرنا ہوگا کہ رحم مادر میں بچے کا زندہ رہنا اور دنیا بھر میں سارے انسانوں کے چہروں کا الگ ہونا قدرت کے خزانے میں کمی نہ ہونے کا اعلان بھی ہے، چیلنج بھی ہے اور ظاری طور پر ایک نمونہ، مثال اور جھلک بھی ہے،، اللہ نے چہرے کے ہی ایک حصے میں ہونٹوں اور دانتوں کی نگرانی میں زبان عطا کر رکھی ہے اس زبان میں ہڈی نہیں ہے لیکن اس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اس کے انداز وطریقے سے انسان خوش بھی ہوجاتا ہے اور غمگین بھی ہوجاتا ہے، موم کی طرح پگھل بھی جاتا ہے اور سنگ دل بھی بن جاتا ہے، رشتہ بن بھی جاتا ہے اور بگڑ بھی جاتا ہے، انسان دوست بھی بن جاتا ہے اور دشمن بھی بن جاتا ہے کبھی کبھی زبان بگڑتی ہے تو وہ خود محفوظ رہتی ہے لیکن اس کا انجام پورے جسم کو بھگتنا پڑتا ہے دونوں ہونٹ آپس میں مل گئے منہ بند ہوگیا، نیچے اوپر کے دانت بھی آپس میں مل گئے اب زبان اس کے اندر ہے مطلب صاف ہے کہ زبان کا صحیح صحیح استعمال کرنا ضروری ہے، غیبت چغلی سے پرہیز کرنا ضروری ہے تاکہ کسی کے جذبات کو ٹھیس نہ پہنچے،، اللہ تبارک وتعالیٰ نے سب کچھ بنانے کے بعد پیشانی سب سے اوپر بنایا اور کہہ دیا کہ تیری پیشانی سب سے اوپر بنانے کا مقصد یہ ہے کہ ہر کس وناکس کے آگے نہ جھکے یعنی پیشانی جب بھی جھکائی جائے تو اللہ رب العالمین کی بارگاہ میں جھکائی جائے جنازے کی نماز میں اسی لئے سجدہ تو دور کی بات ہے رکوع تک نہیں رکھا گیا ہے کیونکہ مردہ امام کے آگے رکھا جاتا ہے تو رکوع نہ رکھ کر کسی غیر اللہ کے آگے پیشانی جھکنے جھکانے کا تصور و گنجائش تک کو ختم کردیا گیا ہے،، حقیقت میں دیکھا جائے تو انسان کا وجود ہی سراپا نعمت ہے زندگی خود ایک نعمت ہے اور زندگی کی ایک ایک سانس نعمت ہے اس کے بعد زمین و آسمان سے بندے کے فیضیابی کے لئے تمام طرح کی نعمت ہی نعمت ہے انگنت و بے شمار نعمتوں سے نوازنے کے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ کا صرف ایک مطالبہ ہے کہ ائے میرے بندے تو اپنی پیشانی میری بارگاہ میں جھکا دے یعنی عملی طور پر سجدہ شکر ادا کر پھر تو تجھے مزید سرخروئی حاصل ہوگی اور مزید کامیابی حاصل ہوگی۔

# مدرسہ احیاء السنہ ھیورکھیڑ ضلع میں مسابقۃ القرآن الکریم وتقاریر بین المکاتب



اکولہ: 14 رجنوری (ڈاکٹر ذاکر نعمانی) اکولہ ضلع کے تلہارا تعلقہ میں واقع ہیورکھیڑ شہر کے مدرسہ احیاء السنہ میں بروز پیر بتاریخ 13 جنوری کو مسابقۃ القرآن الکریم و تقاریر بین المکاتب جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا کی زیر سرپرستی اور مدرسہ احیاء السنہ ھیورکھیڑ کی زیر نگرانی میں منعقد ہوا۔ جس کی صدارت حضرت مولانا عظیم الدین ندوی (مہتمم مدرسہ احیاء السنہ ھیورکھیڑ و صدر جمعیۃ علماء ضلع آکولہ) نے فرمائی۔ حکم کے فرائض مولانا شیخ موسی، مفتی عبدالرحیم ندوی، حافظ ثاقب علی اشاعتی، حافظ عبدالرحیم اشاعتی، حافظ علیم اللہ، مولانا محمد رئیس اشاعتی، مولانا محمد شکیل ندوی اور قاری مشرف اشاعتی نے فرمائی۔ مسابقہ میں 36 مکاتب میں سے 165 طلبہ نے حصہ لیا۔ مسابقہ 5 فروعات (نورانی قاعدہ، پارعم، قرآن پاک اور تقاریر) پر مشتمل تھا۔ فرع اول میں غفران علی ابن کاظم علی باغیچہ پلاٹ ھیورکھیڑ نے اول نمبر، نیجا انجم بنت شیخ مزمل منڈگاؤں نے دوم نمبر اور مہرین فاطمہ بنت طفیل خان گھوڑے گاؤں نے سوم نمبر سے کامیابی حاصل کی ہے۔ فرع دوم میں فوزیہ انجم بنت شیخ عقیل مالیگاؤں نے اول نمبر، شیخ فرحان ابن شیخ عقیل مالیگاؤں نے دوم نمبر، فیض پٹیل ابن وسیم پٹیل بڈالی نے سوم نمبر سے کامیابی حاصل کی ہے۔ فرع سوم میں ام رومان بنت شیخ فاروق منڈگاؤں نے اول نمبر، ام عمارہ بنت سید جابر منسگاؤں نے دوم نمبر، عالیہ بی شیخ ہارون مالیگاؤں پلاٹ نے سوم نمبر سے کامیابی حاصل کی ہے۔ فرع چہارم میں محمد سعد ابن ضمیر الدین سواستک کالونی ھیورکھیڑ نے اول نمبر، سعدیہ فردوس بنت شیخ فیروز گوردھا نے دوم نمبر، علینہ زوبیہ بنت حافظ سید عمران منسگاؤں نے سوم نمبر سے کامیابی حاصل کی ہے فرع پنجم میں محمد دانش ابن عبد الوحید اندرا نگر ھیورکھیڑ نے اول نمبر جمیرہ ناس بنت شیخ اقبال منڈگاؤں نے دوم نمبر، زوبیہ کشف بنت اظہر علی اسلام پورہ نے سوم نمبر سے کامیابی حاصل کی ہے۔ امتیازی نمبرات لانے والے طلبہ کے درمیان انعامات تقسیم کیے گئے۔ بتادیں کہ مسابقہ کی ترتیب قاری محمد عباس اشاعتی (وزیٹر جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا) اور مولانا نجیب الرحمن ندوی نے دی۔


# अधिसुचना (कलम 19)

OFFICE OF THE COLLECTOR ★NANDED★

क्र.2023/आरबी/डेस्क-3/भुसं/सिआर-14
जिल्हाधिकारी कार्यालय नांदेड
दिनांक- 16 /12/2024

**भूमीसंपादन, पुनर्वसन व पुनर्स्थापना करताना उचित नुकसान भरपाई मिळण्याचा आणि पारदर्शकतेचा हक्क अधिनियम, 2013**

जा.क्रं.2023/भूसंपादन/रेणापूर/सिआर-07 ज्याअर्थी, समुचित शासन असलेल्या नांदेड जिल्हयाच्या जिल्हाधिका-याने, भूमिसंपादन, पुनर्वसन व पुनर्वसाहत करताना उचित भरपाई मिळण्याचा आणि पारदर्शकतेचा हक्क अधिनियम, 2013 (2013 चा 30) (यात यापुढे ज्याचा निर्देश "उक्त अधिनियम" असा केला आहे) यांच्या कलम 11 च्या पोट कलम (1) द्वारे प्रदान करण्यात आलेल्या अधिकाराचा वापर करुन, अधिसुचना पान 462, मे-11-17, 2023 अन्वये प्रारंभिक अधिसूचना काढली आहे. आणि त्याद्वारे असे अधिसूचित केले आहे की, यासोबत जोडलेल्या अनुसूची एक मध्ये अधिक तपशीलवार वर्णन केलेल्या जमिनीची, अनुसुची दोन मध्ये अधिक तपशीलवार विनिर्दिष्ट केलेल्या सार्वजनिक प्रयोजनासाठी आवश्यकता आहे किंवा तीची आवश्यकता भासण्याची शक्यता आहे.

आणि ज्याअर्थी, नांदेड (जिल्हयाच्या) जिल्हाधिका-याने, कलम 15 च्या पोटकलम (2) अन्वये दिलेला अहवाल, कोणताही असल्यास, विचारात घेतल्यानंतर, उक्त सार्वजनिक प्रयोजनासाठी उक्त जमीन संपादित करण्याची आवश्यकता आहे. याबाबत त्याची खात्री पटली आहे. आणि म्हणुन, उक्त अधिनियमाच्या कलम 19 च्या पोटकलम (1) च्या तरतुदींन्वये, उक्त सार्वजनिक प्रयोजनासाठी उक्त जमिनीची आवश्यकता आहे असे याद्वारे घोषित करण्यात येत आहे;

आणि ज्याअर्थी, अनुसुची तीन मध्ये अधिक तपशिलवार वर्णन केलेले क्षेत्र हे बाधित कुटुंबियांच्या पुनर्वसन व पुनर्वसाहतीच्या प्रयोजनासाठी "पुनर्वसाहत क्षेत्र" म्हणुन निर्धारित केले असल्याचे याद्वारे घोषित केले जात असून, पुनर्वसन व पुनर्वसाहत योजनेचा सारांश अनुसूची चार मध्ये विनिर्दिष्ट केला आहे.

आणि ज्याअर्थी, उक्त अधिनियमाच्या कलम 3 च्या खंड (छ) अन्वये, समुचित शासन असलेला जिल्हाधिकारी, उक्त अधिनियमान्वये जिल्हाधिका-यांची कार्ये पार पाडण्यासाठी उपविभागीय अधिकारी तथा भूसंपादन अधिकारी, भोकर यास पदनिर्देशित करीत आहे.

अनुसूची- एक
संपादित करावयाच्या जमिनीचे वर्णन

गावाचे नांव: मौ.रेणापूर    तालुका : भोकर    जिल्हा : नांदेड

| अ.क्र. | भुमापन क्रमांक किंवा गट नंबर | क्षेत्र (हेक्टर मध्ये) | सोडुन देण्यात आलेले जमीनीचे आदमासे क्षेत्र हे.आर. |
|---|---|---|---|
| 1 | 113 | 0 | 0.69 |
| 2 | 113 | 0.48 | - |
| 3 | 113 | 0.32 | - |
| 4 | 113 | 0.35 | - |
| | एकूण | 1.15 | 0.69 |

अनुसुची - दोन
सार्वजनिक प्रयोजनाच्या स्वरुपावावत विवरण

प्रकल्पाचे नांव ः- रेणापूर सुधा ब्र. ल.पा. तलाव ता.भोकर जि.नांदेड प्रकल्पाचे 1.10 मिटरने उंची वाढविण्यासाठी अतिरिक्त जमीन संपादन मौ.रेणापूर ता.भोकर जिल्हा नांदेड

प्रकल्पाच्या कामाचे वर्णनः- रेणापूर सुधा ब्र. ल.पा. तलाव ता.भोकर जि.नांदेड प्रकल्पाचे 1.10 मिटरने उंची वाढविण्यासाठी अतिरिक्त जमीन संपादन मौ.रेणापूर ता.भोकर जिल्हा नांदेड

समाजाला होणारे लाभ ः- जलसिंचनासाठीच्या पायाभूत सुविधेमध्ये भर पडत आहे.

अनुसुची - तीन
पुनर्वसाहत क्षेत्राचे वर्णन

गावाचे नांव : मौ.रेणापूर    तालुका : भोकर    जिल्हा : नांदेड

| अ.क्र. | भुमापन क्रमांक किंवा गट नंबर | क्षेत्र (हेक्टर मध्ये) |
|---|---|---|
| - | - लागु नाही - | ------- |

अनुसुची – चार
( पुनर्वसन व पुनर्वसाहत योजनेचा सारांश)
- लागु नाही -

टिप :- उक्त जमिनीच्या नकाशाचे निरिक्षण उपविभागीय अधिकारी तथा भूसंपादन अधिकारी भोकर यांचे कार्यालयात करता येईल.

दिनांक : 16 /12/2024
ठिकाण : नांदेड
जिमाका/नां/जाहिरात/१५३/२०२४/२०२५

स्वाक्षरी
जिल्हाधिकारी नांदेड


# ڈھونڈوگے تو اس شہر میں قاتل نہ ملے گا

از قلم: ڈاکٹر سلیم خان

'اندھیر نگری چوپٹ راج' اگر کوئی دیکھنا چاہتا ہے تو موجودہ ہندوستان میں آئے نیز بغیر محنت دن کے اجالے میں اس کا نظارہ کرنا ہو تو اترپردیش چلا جائے۔ یوپی میں پچھلے سال کا اختتام اتنا بھیانک ہوا کہ اس نئے برس کا اندازہ لگانا نہایت آسان ہوگیا۔ اترپردیش کے مرادآباد میں کچھ شرپسندوں نے گئوکشی کے الزام میں ایک 42 سالہ مسلم شخص کو پیٹ پیٹ کر شہید کردیا۔ ہجومی تشدد کا شکار ہونے شاہ دین کو ویسے تو 30 دسمبر کی رات قتل کیا گیا مگر اگلے دن میرٹھ کے ایک اسپتال میں ان کی موت کا اعلان کرتے ہوئے کہا گیا کہ علاج کے دوران انتقال ہوا۔ یہ افسوسناک واقعہ مرادآباد کے مزلا تھانہ علاقے میں منڈی کمیٹی چوکی کے قریب منڈی سمیتی کے احاطے میں پیش آیا۔ پولیس نے یہ اعتراف ضرور کیا کہ شاہ دین کو کچھ شرپسندوں نے گئوکشی کے الزام میں پیٹ پیٹ کر شدید زخمی کیا مگر قاتلوں بچانے کی خاطر کہہ دیا کہ اس کی موت میرٹھ کے اسپتال میں علاج کے دوران ہوئی تاکہ ہجومی قتل کا معاملہ ہی نہ بنے اور اس بابت عدالتِ عظمیٰ کی ساری ہدایات سے پہلوتہی کی جاسکے۔ اس سانحہ کی ویڈیو وائرل ہوئی اور بدمعاشوں نے کیمرے کے سامنے اقبالِ جرم بھی کیا مگر انتظامیہ کی جن آنکھوں پر زعفرانی پٹی باندھی تھی اس کو وہ سب دکھائی ہی نہیں دیا اس لیے اب بھی قاتل نامعلوم ہیں۔ اس قتل کے معاملے میں پولیس مقتول کے بجائے قاتل کی حمایت میں کھڑی ہوئی ہے۔ مبینہ طور پر یہ کہا جارہا ہے کہ واقعہ رات دیر گئے اس وقت پیش آیا جب کچھ لوگوں نے اندھیرے میں کچھ سرگرمی دیکھی۔ ان لوگوں کے مطابق جو ہجومی قتل میں شریک تھے جب وہ قریب گئے تو شاہ دین سمیت چند لوگوں کو گائے ذبح کرتے دیکھا۔ شرپسندوں کے مطابق انہوں نے پکڑنے کی کوشش کی تو تین لوگ فرار ہوگئے مگر مقتول پکڑا گیا۔ اس بیان کو بلا تفتیش میڈیا سمیت انتظامیہ نے سچ مان لیا اور پھیلانے لگے۔ یہ الزام اگر درست ہو تب بھی ملزم کو پولیس کے حوالے کرنے کے بجائے اس حد تک پیٹنا کہ وہ ہلاک ہوجائے کہاں کا انصاف ہے؟ پولیس نے شاہ دین کے بھائی کی شکایت پر حملہ آوروں کے خلاف غیر ارادتاً قتل کا مقدمہ درج تو کرلیا ہے مگر۔ یہ قتل غیر ارادی کیسے ہوگیا؟ کوئی نہیں جانتا۔ پولیس کے اس جانبدارانہ رویہ پر ملک زادہ منظور کا یہ شعر صادق آتا ہے کہ؂

دیکھوگے تو ہر موڑ پہ مل جائیں گی لاشیں
ڈھونڈوگے تو اس شہر میں قاتل نہ ملے گا

اترپردیش کی پولیس ایک طرف تو قاتلوں کا سراغ نہیں ملتا مگر دوسری جانب اسے یقین ہوجاتا ہے کہ مقتول شاہ دین گائے کو ذبح کررہا تھا۔ اس قیاس کے تحت پولیس والوں نے شاہ دین کے ساتھیوں سمیت خود اس شخص کے خلاف بھی جواب دنیا میں نہیں ہے گائے ذبح کرنے کے الزامات پر مقدمہ درج کرلیا ہے۔ ایسا اندھا قانون دنیا میں کہیں نہیں ہوگا؟ اترپردیش انتظامیہ کے نزدیک کسی پر گئوماتا کے قتل کا الزام اس کو موت کی بھینٹ چڑھانے کے لیے معقول جواز ہے لیکن اس شخص کا غریب اور مسلمان ہونا ضروری ہے ورنہ اس سانحہ کے دس دن بعد یوپی کی ہی دادری کوتوالی علاقے میں 4 کروڑ روپئے کی مالیت کا گوشت پکڑا گیا۔ آگے چل کر لیباریٹری سے یہ تصدیق بھی ہوئی کہ گائے کا تھا لیکن اس کے مالک کا بال بیکا نہیں ہوا کیونکہ وہ امیر کبیر ہندو برہمن تھا۔ 9 رنومبر کو گئو رکھشکوں نے لوہرلی ٹول پر مغربی بنگال سے آنے والے ایک ٹرک کو روکا اور اس میں گائے کے گوشت کی موجودگی کی اطلاع دی۔ یہ مال دادری کے بشارا روڈ پر واقع ایس پی جے کولڈ اسٹوریج سے لے جایا جارہا تھا۔ یہ کولڈ اسٹوریج اگر کسی غیر ہندو کا ہوتا تو اس پر باباجی کا بلڈوزر چل جاتا اور فرقہ وارانہ فساد بھی ہوجاتا لیکن چونکہ اس کا مالک پورن جوشی تھا اس لیے کچھ بھی نہیں ہوا۔ اس کے طفیل گوشت برآمد کرنے والی کمپنی کے مسلم ڈائریکٹر خورشید نبی کے ساتھ بھی کوئی بدسلوکی نہیں کی گئی۔ اس ادارے کے منیجر اکشے سکسینہ، ٹرک ڈرائیور شیوشنکر اور آپریٹر سچن کو باعزت گرفتار کرکے سورج پور کی عدالت میں پیش کیا گیا اور بہت جلد وہ سب ضمانت پر رہا ہوجائیں گے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے گائے کو ماتا ماننے والوں کو اسے ذبح کرکے دنیا بھر میں برآمد کرنے کی آزادی ہے لیکن اگر کسی غیر پر الزام بھی لگ جائے تو بغیر ثبوت و مقدمہ اس کا قتل جائز ہوجاتا ہے۔ اس واقعہ کے دو دن قبل اترپردیش کے ہی مین پوری میں کشنی تھانے کے اندر مخبروں کی مدد سے آوارہ گایوں کو جمع کرکے فروخت کرنے والے ایک گروہ کے ۷ رلوگوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ کشنی تھانہ کے تحت کسمرا چوکی کے اہلکاروں نے یہ کارروائی کی۔ گئوکشی کے معاملے میں ملوث ان لوگوں کے لیے انتظامیہ نے 'مویشیوں کے ساتھ سفاکی کرنے والے' نامی اصطلاح ایجاد کرلی تاکہ ان کے خلاف غم وغصہ پیدا نہ ہو۔ پولیس تھانے کے انچارج مہاراج سنگھ بھاٹی نے یہی بتایا کہ اس گروہ کے لوگ ہنومان مندر کے پاس جمع تھے۔ پولیس نے جب انہیں گھیرا تو ان لوگوں اس پر گولی تک چلادی۔ یہ سب اس یوگی کے راج میں ہوا جو برسوں سے اترپردیش کو جرائم سے پاک کرنے کا دعویٰ کررہے ہیں۔ اس گولی باری میں دو پولیس اہلکار زخمی بھی ہوئے مگر ان کے ساتھی ۷ رلوگوں کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ اس گروہ کی رنگے ہاتھوں پکڑے جانے کے باوجود ماب لنچنگ اس لیے نہیں ہوئی کیونکہ اس میں ایک مومن خان کے علاوہ راجو بھدوریا، گنگا رام، موہن سنگھ سسودیہ، ویر بھان، ویر سنگھ اور رام سنگھ کا غلبہ تھا۔ ان ملزمین کے قبضے سے 37 رزندہ مویشی، دو دیسی طمنچے، کارتوس وغیرہ ملے اور اس بین الریاستی کے لوگ اترپردیش کے علاوہ راجستھان کے بھی تھے۔ اتفاق سے فی الحال دونوں صوبوں میں زعفرانی ڈبل انجن سرکار ہے اور زور وشور سے یہ کاروبار ہورہا ہے۔ تفتیش کے بعد انکشاف ہوا کہ ان آوارہ مویشیوں کو اکٹھا کرکے بیچنے کے لیے لے جایا جاتا تھا۔ ان لوگوں پر گئوکشی کا مقدمہ نہیں بنا بلکہ مویشیوں کے ساتھ سفاکی کی دفعہ لگا کر جیل بھیجا گیا حالانکہ ان کو کون اور کیوں خریدتا ہے یہ جاننے کے لیے کسی شرلاک ہومز کی چنداں ضرورت نہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی بچانا ہو اس کے لیے ہزار راستے ہیں اور جسے پھنسا دیا تو اس کے لیے کوئی راستہ نہیں ہے۔ یوگی ادیتیہ ناتھ نے اپنے سیاسی فائدے کی خاطر پولیس کے منہ کو خون لگا دیا ہے اور اب وہ خونخوار وحشی مسلمانوں کے علاوہ دوسروں کی بھی چیر پھاڑ کرنے لگا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کا جو رخ مرادآباد میں نظر آیا کہ وہاں مقتول شاہ دین کو موردِ الزام ٹھہرا کر قاتل کی بلا واسطہ مدد کی گئی وہی چہرا لکھیم پور کھیری میں بھی دکھائی دیا۔ وہاں پر ایک آدمی کو مارنے کے بعد پہلے تو میڈیا کے ذریعہ اسے گینگسٹر بتادیا گیا تاکہ اس کے تئیں ساری ہمدردیاں ختم ہوجائیں۔ ہلاسی پورواگاوں کے رام چندر موریہ کو شراب بنانے کے الزام میں حراست میں لیا گیا اور پھر کہا گیا کہ بھاگتے ہوئے وہ خود گر کر مرگیا۔ اس کے اہل خانہ نے آخری رسومات کو ادا کرنے سے انکار کردیا اور ہائی وے پر جام لگا دیا تو انہیں سمجھانے کی خاطر سی او کو بھیجا گیا۔ وہ انہیں سمجھانے بجھانے کے بجائے ڈانٹنے ڈپٹنے لگے اور اتفاق سے اس کی ویڈیو بھی بن گئی۔ لکھیم پوکھیری کے سی او ویڈیو کے اندر یہ کہتے دیکھا جاسکتا ہے کہ چاہے جتنے دن لاش کو رکھنا ہے رکھو، نہ تو کوئی تھانہ معطل ہوگا، نہ ہی تم کو تیس لاکھ معاوضہ ملے گا۔ تمہاری کوئی بھی مانگ پوری نہیں ہوگی۔ اس کے بعد افسروں نے لاٹھی چارج کرکے راستہ کھلوا دیا اور آگے چل کر رام چندر موریہ کے اہل خانہ نے آخری رسومات تو ادا کردیں لیکن نہ سی او کی جانچ ہوئی اور تھانہ پولیس پر کوئی فرق پڑا۔ یہ مرکز کی حکومت میں ریاستی وزیر داخلہ اجئے مشرا ٹینی کا علاقہ ہے جہاں دن دہاڑے ان کے بیٹے نے کسانوں کو اپنی گاڑی سے کچل دیا۔ اس کے باوجود ٹینی اپنے عہدے پر برقرار رکھا گیا۔ ایسے میں بھلا انتظامیہ کو خوف کیونکر محسوس ہوگا اور وہ کب تک ہندو مسلمان میں تفریق کرے گا؟ ایک وقت تو ایسا ضرور آئے گا کہ جب اس کے سامنے جو بھی آئے گا وہ اسے کھا جائے گا۔ اترپردیش پولیس اب بے لگام ہوچکی ہے اور اس نے اپنے پرائے کا فرق بھی بھلا دیا ہے۔ اس کی سفاکی پر نادم ندیم کا یہ شعر صادق آتا ہے؂

ان سے امید نہ رکھ ہیں یہ سیاست والے
یہ کسی سے بھی محبت نہیں کرنے والے

## سمیع بلوچ نے 25 جنوری کو
# بلوچ نسل کشی کی یاد میں اجتماع کی کال دی

بلوچستان۔ 13 رجنوری۔ ایم این این۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) نے اتوار کے روز بلوچ انسانی حقوق کے سرکردہ رہنما سمیع بلوچ کا ویڈیو پیغام شیئر کیا جس میں ریاست کے ہاتھوں بلوچ عوام کو درپیش مصیبتوں کی طرف توجہ دلائی گئی اور حوصلہ افزائی کی گئی۔ 25 جنوری کو بلوچ نسل کشی یادگاری دن کے موقع پر لوگ بڑی تعداد میں جمع ہوں گے۔ بی وائی سی کی ایکس پر ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا، "بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کے مرکزی آرگنائزنگ رکن سمیع دین بلوچ، اس ویڈیو میں 25 جنوری کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کررہی ہیں: "بلوچ نسل کشی یادگاری دن" یہ دن بلوچ نسل کشی کے متاثرین کو یاد کرنے کے لیے ہے۔ دین نے بلوچ قوم سے 25 جنوری کو دالبندین میں ہونے والے اجتماع میں شرکت کی اپیل کی۔ اپنے ویڈیو پیغام میں، سمیع بلوچ نے نوٹ کیا کہ کس طرح بلوچ لوگ اس علاقے میں برسوں سے رہ رہے ہیں اور ریاست نے "ہم پر مختلف قسم کے تشدد پر مجبور کیا ہے۔ انہوں نے لوگوں پر براہ راست جبر مسلط کیا ہے"۔ بلوچ عوام کے تئیں ریاستی بے حسی کو اجاگر کرتے ہوئے، انہوں نے بے روزگاری، تعلیم کی کمی، بیماری، عدم مساوات اور قدرتی آفات جیسے کئی مسائل پر روشنی ڈالی جن کا انہیں سامنا ہے۔ لوگوں کو درپیش مختلف بحرانوں کی طرف توجہ دلانے کے لیے، انہوں نے انہیں 25 جنوری کو شمولیت کی کال دی۔

